2024 IV 04 0930 Seat No. | | | | | |

Time : 3 Hours

URDU (T.L.)

Subject Code

| S | 1 | 1 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|

Total No. of Questions : 61 (Printed Pages : 10) Maximum Marks : 80

---

**ہدایات :** (۱) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(۲) صفائی اور خوش خطی کا خاص خیال رکھیں۔

* مندرجہ ذیل ہر ادھورے جملے کے نیچے تین متبادل دیئے گئے ہیں۔ صحیح متبادل چن کر جملے مکمل کیجیے : 2

(1) انہوں نے دنیاوی زندگی کے ---------۔

- مطالعہ کرنے کا موقع ملا تھا۔
- مختلف پہلو دیکھ لئے تھے
- تجربے حاصل کیے تھے

(2) گیس اور بجلی کی روشنی نے ---------۔

- ناریل کے تیل کو بھی مات کر دیا
- چمیلی کے تیل کو بھی مات کر دیا
- مٹّی کے تیل کو بھی مات کر دیا

* مندرجہ ذیل جملے غور سے پڑھئے اور سبق کا نام لکھیے : 2

(3) اس کے دل میں محبت جیسا پاکیزہ جذبہ تھا۔

(4) اس زندگی میں دوبارہ دلی دیکھوں گی ایسی امید کرنا فضول ہے۔

* مندرجہ ذیل جملے کس نے کس سے کہے ؟ لکھیے : 2

(5) ''مٹھو، میاں پر ہنس رہا ہے۔''

(6) ''میں ڈربے والے مکان میں رہتا ہوں۔''

* مندرجہ ذیل سوالات میں سے کوئی چار سوالات کے جوابات آٹھ سے دس الفاظ میں لکھیے : 4

(7) سپاہیوں نے پیچھے رہ جانے کی کیا وجہ بتائی ؟

(8) اردو زبان سے متعلق لوگوں کا کیا خیال ہے ؟

(9) رات کو سونے لگو تو کیا سوچنا ضروری ہے ؟

(10) جنون لطیفہ پڑھنے کا مصنف پر کیا اثر ہوا ؟

(11) اشفاق اللہ خان کب پیدا ہوئے ؟

(12) مصنف خلیل منزل کیوں گئے تھے ؟

* مندرجہ ذیل سوالات میں سے کوئی دو سوالات کے جوابات پچیس سے تیس الفاظ میں لکھیے : 6

(13) کن اوصاف کی وجہ سے آپ ﷺ نے لوگوں کے دلوں میں گھر کر لیا ؟

(14) ایک دن باغ کے نئے آقا نے مالی سے کیا کہا ؟

(15) مرغیاں پالنے والے کو ان کے رزق کی فکر کیوں نہیں ہوتی ؟

(16) اشرف کو سوتیلے بچے کب زہر لگنے لگے ؟

* فہرست 'الف' میں مصرعہ اور فہرست 'ب' میں مصرعہ کا مطلب دیا گیا ہے۔ فہرست 'ب' سے مناسب مطلب چن کر فہرست 'الف' کے ساتھ مناسب جوڑیاں لگایئے 2

| | 'الف' | 'ب' |
|---|---|---|
| (17) | کیا فائدہ فکر بیش و کم سے ہوگا | • جو قوم اللہ کی نافرمانی کرتی ہے |
| (18) | جس قوم سے رخصت ہوئی اللہ کی یاد | • جب انسان مفلسی کا شکار ہوتا ہے |
| | | • انسان کو زیادہ یا کم کی فکر کرنے کا فائدہ نہیں ہے |
| | | • اللہ کے ایک ہونے پر یقین ہونا |

* قوسین میں سے مناسب لفظ چن کر مندرجہ ذیل مصروں کی خانہ پُری کیجیے : 2

(19) دوستوں نے جب ہمیں لوٹا ------ کے نام پر۔

(پیار، وفا، پیسے)

(20) دن ہے تیرا ------------ نہ میری۔

(شام، رات، صبح)

* مندرجہ ذیل سوالات میں سے کوئی دو سوالات کے جوابات آٹھ سے دس الفاظ میں لکھیے : 2

(21) اسکول جاتے ہوئے بچوں کے لئے ماںتا کیا کرتی ہے؟

(22) غنچے مسکرا کر اور پھول مہک کر کس کا پتہ دیتے ہیں ؟

(23) شاعرنئی شان کے سورج سے کیا سوال کر رہا ہے؟

* مندرجہ ذیل سوالات میں سے کوئی دو سوالات کے جوابات بیس سے پچیس الفاظ میں لکھیے : 6

(24) شاعر نے چمیلی سے متعلق کیا کہا ہے؟

(25) صاحب نوبت ونشاں کا کیا انجام ہوا ؟

(26) شام ہونے کے بعد اندھیرے کے بڑھنے کی کیفیت کو شاعر نے کس طرح پیش کیا ہے؟

(27) مفلسی مفلسوں کو کس طرح لڑاتی ہے؟

* مندرجہ ذیل الفاظ کی جمع لکھیے (کوئی دو) : 2

(28) مضمون

(29) شخص

(30) فعل

* مندرجہ ذیل الفاظ کی ضد لکھیے (کوئی دو) : 2

(31) دوست

(32) قریب

(33) مختصر

* مندرجہ ذیل جملوں میں خط کشیدہ محاوروں کی جگہ قوسین میں سے صحیح محاورے کے معنیٰ تلاش کر کے لکھیے : 4

(34) پیڑ پودے ہم پر احسان کرتے رہتے ہیں۔

(35) میں میری سہیلیوں کے ساتھ رات بھر گپ شپ لڑاتی رہی۔

(36) بادشاہ اپنی منزل کی طرف کوچ کر گئے۔

(37) جہاں آگ قریب آئی مٹی کا تیل مشتعل ہوا۔

(رخصت ہونا، جلنا، باتیں کرنا، دکھ بٹانا، مہربانی کرنا، بہت زور سے رونا)

* مندرجہ ذیل جملوں میں سے جملے کی قسم پہچان کر لکھئے : 4

(38) آپ کا گھر کہاں ہے۔

(39) واہ کیا منظر ہے۔

(40) ہم سب ہندوستانی ہیں ۔

(41) آپ بیٹھ جائے۔

* مندرجہ ذیل جملوں میں سے خط کشیدہ الفاظ کی صفت کونسی قسم کو ظاہر کرتی ہے؟ لکھئے : 2

(42) ہمارے گاؤں میں دوسو سال پرانی مسجد ہے۔

(43) ناگپور کے سنترے میٹھے ہوتے ہیں۔

* مندرجہ ذیل اشعار میں استعمال کی گئی صنعتوں کے نام لکھئے : 2

(44) دنیا بھی عجیب سرائے فانی دیکھی

ہر چیز یہاں کی آنی جانی دیکھی

(45) ظلمت موتی لٹا رہی تھی

پریوں کی برات جا رہی تھی

* مندرجہ ذیل الفاظ اور معنی کی جوڑیاں لگائیے : 2

| معنی | | الفاظ |
|---|---|---|
| مہربانی | • | (46) تمازت |
| شوق | • | (47) کرم |
| گرمی | • | |

* مندرجہ ذیل بے ترتیب جملوں کو ترتیب وار لکھئے : 2

(48) لوکمانیہ تلک بڑے نڈر اور بے باک تھے۔

(49) یکم اگست ۱۹۲۰ء آزادی کی جنگ لڑنے والے اس جیالے سپاہی کا انتقال ہوا۔

(50) تلک کے دل میں ابتدا ہی سے ملک کی خدمت کا جذبہ بھرا ہوا تھا۔

(51) تلک ۲ اگست ۱۸۵۶ء کو رتنا گیری ضلع کے ایک گاؤں میں پیدا ہوئے۔

* درج ذیل نکات کی مدد سے کہانی مکمل کیجئے اور کہانی کے لئے کوئی مناسب عنوان تجویز کیجئے : 5

(52) **نکات :** درزی کی دکان پر ایک ہاتھی کا روز جانا ــــــ۔ درزی کا ہاتھی کو روز روٹی کھلانا ــــــ۔ ہاتھی کا مانوس ہو جانا ــــــ۔ ایک دن

درزی کا ہاتھی کے سونڈ میں مذاق سے سوئی چبھو دینا۔۔۔۔۔۔ ہاتھی کا ناراض ہوکر دریا پر چلا جانا۔۔۔۔۔۔سونڈ میں کیچڑ اور پانی بھر کر واپس آنا۔۔۔۔۔۔ درزی کی دکان کے اندر کیچڑ اور پانی چھوڑ کر کپڑے برباد کرنا۔۔۔۔۔۔سبق۔

* (53) رحیم شیخ / رحیمہ شیخ اپنے دوست / سہیلی کو شاہپور پونڈا گوآ سے اپنی چھوٹی بہن کی سالگرہ کی دعوت دیتے ہوئے خط لکھ رہا / رہی ہے۔ 5

یا

راشد خان / رشیدہ خان نیو واڑے واسکو گوآ سے مونسپل کارپوریشن واسکو گوآ کے نام ایک شکایتی خط لکھ کر اپنے محلے میں پھیلی ہوئی گندگی کے بارے میں اطلاع اور صفائی کی درخواست کر رہا / رہی ہے۔

* مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔ 5

انتخاب کتب ایک اہم مسئلہ ہے۔ اس کے لئے اس طرح کی احتیاط اورغور و فکر کی ضرورت ہے جس طرح کے دوستوں کے انتخاب کے لئے ہوتی ہے۔ جس طرح ایک نیک انسان اپنے دوست کو برائی سے بچا لیتا ہے اور ایک برا دوست

اپنی بدکاری سے دوسرے دوست کو بھی تباہ کر دیتا ہے۔ اسی طرح اچھی کتابیں دل و دماغ اور عادت و اتوار پر اچھا اثر ڈالتی ہے۔ اورمخرب اخلاق اور بے ہودہ کتاب طبیعت کو برائی کی طرف مائل کرتی ہیں۔ اس طرح گندی اور بری کتابوں کا مطالعہ پڑھنے والا اخلاقی موت کا باعث بنتا ہے۔عظیم رہنماؤں کی سوانح عمریاں، سفر نامے، تاریکی اور مذہبی سائنسی کتب اور جدید معلومات پر لکھی ہوئی کتابوں کا مطالعہ طالب علم کے لئے بہت مفید ہے۔ اخلاقی کتابوں کے پڑھنے سے اخلاق بلند ہوتے ہیں۔

**سوالات :**

(54) کتابوں کے انتخاب میں کس چیز کی ضرورت ہے ؟

(55) برا دوست کیا نقصان پہنچاتا ہے ؟

(56) خراب کتابیں پڑھنے سے کیا نقصان ہوتا ہے ؟

(57) طالب علم کے لئے کون سی کتابیں مفید ہیں ؟

(58) اس اقتباس کو ایک مناسب عنوان دیجئے۔

* (59) ڈاکٹر اور مریض کے درمیان ہونے والی گفتگو کو مکالمے کے انداز میں لکھئے۔ 5

* (60) آپ کے اسکول میں منائے گئے ''یوم آزادی'' (15 اگست) کے جشن کی روداد پانچ سے سات جملوں میں دئے گئے نکات کی مدد سے لکھئے۔ 5

پروگرام۔ آغاز۔ صدر اور مہمانوں کی گل پوشی۔ مہمانوں کی تقریر۔ اظہار تشکر۔ نظامت۔

* (61) مندرجہ ذیل دئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 180 سے 200 الفاظ کا مضمون لکھئے: 7

— تعلیم کی اہمیت

— میری پسندیدہ شخصیت

— صفائی کے فائدے

— اگر میں ٹیچر ہوتا / ہوتی

— پھول کی آپ بیتی